6532 ـ طلاق کی وجہ سے بیٹھی ہوئی عورت کی مدد کرنا چاہتا ہے

سوال

ان عورتوں کا گناہ کیا ہے جنہیں ان کے اولیاء نے عورتوں کی موافقت کے بغیر شادی پر مجبور کر دیا اور اب انہیں طلاق ہو چکی ہے ؟
میں ایك ایسی عورت کو جانتا ہوں اور اس سے شریعت کے مطابق شادی بھی کرنا چاہتا ہوں، لیکن اسے سلبی افکار اور سوچوں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مثلا یہ کہ وہ اب نصف عورت اور دوسرے درجہ کی عورت بن چکی ہے کیوکہ وہ مطلقہ ہے.
اس کے خاندان والے اس کے ساتھ ایسے معاملات کرتے ہیں جیسے کوئی غلام اور لونڈی ہو، اس حادثہ کے بعد وہ عورت کسی بھی مرد پر بھروسہ نہیں کر سکتی، اس میں غلطی بھی اس کے والدین کی تھی کیونکہ وہ اس شخص سے بالکل شادی نہیں کرنا چاہتی تھی، میں اس عورت کی مدد کرنا چاہتا ہوں، اور جب اللہ تعالی نے مجھے اس کی مدد کرنے کی قدرت و استطاعت دی تو میں اس سے شادی بھی کرنا چاہتا ہوں.
مجھے معلوم نہیں ہو رہا کہ میں کیا کروں کیونکہ وہ انکار کرتی ہے، میں چاہتا ہوں کہ اس کی مدد کرنے میں آپ میرا تعاون کریں تا کہ وہ اس قسم کے سلبی اور منفی افکار و سوچ سے چھٹکارا حاصل کر سکے، میں نے اسے بتایا ہے کہ ماضی میں جو کچھ ہوا میرے لیے وہ کسی مشکل کا باعث نہیں بنے گا، لیکن وہ یہ خیال کرتی ہے کہ میرے والدین اس کے ماضی پر اعتراض کر سکتے ہیں.
برائے مہربانی یہ بتائیں کہ کیا میرے والدین کو اس مطلقہ عورت سے شادی کرنے سے روکنے کا حق حاصل ہے، حالانکہ اب وہ پاك صاف اور مستقیم و عفت و عصمت کی مالك ہے، مجھے علم ہے کہ میں جس سے بھی شادی کروں والدین کی موافقت ضروری ہے، لیکن قرآن مجید ہمیں اس حالت کے بارہ میں کچھ نہیں بتاتا.
آپ مجھے یہ بتائیں کہ میں اس کا تعاون کیسے کر سکتا ہوں، وہ جن مشکلات سے دوچار ہے ان سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے میں اس کی ہر طرح سے مدد کرنے پر تیار ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ آپ کسی ایسی عورت سے شادی کریں جو آپ کے والدین کو راضی کرے، اور اگر آپ اس عورت کی مدد کرنا اوراس سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے والدین کو مطمئن کرنے کی کوشش کریں، ان شاء اللہ آپ کو اجروثواب حاصل ہوگا.

اور اگر وہ مطئمن نہ ہوں تو پھر آپ اس عورت کے لیے کسی اور مسلمان شخص کو تلاش کریں جو اس سے شادی کرے اور اس کی ستر پوشی کر سکے.

رہا مسئلہ مطلقہ عورت کا تو اگر یہ عورت دین والی اور اخلاق کی مالك ہے تو یہ پہلے درجہ کی خاتون ہے، اور طلاق اس کے مرتبہ و مقام پر کوئی اثرانداز نہیں ہوگی، اور نہ ہی اللہ کے ہاں اس کی قدر و منزلت میں کمی کریگی.

اسے چاہیے کہ وہ استقامت اختیار کرے اور اس طرح کے بےہودہ خیالات سے متاثر نہ ہو، ہم آپ کی نظر اس طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں کہ کسی بھی اجنبی عورت کے ساتھ تعلقات رکھنے اور اس سے آپ کا رابطہ کرنا صحیح نہیں تا کہ کہیں یہ آپ یا اس عورت کے لیے فتنہ کا باعث نہ بن جائے.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ اور اسے توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .